پریس ریلیز

اومی کرون کا پھیلاؤ خطرے کی گھنٹی ، شہری ویکسی نیشن لازمی کروائیں: پروفیسر الفرید ظفر

قومی یکجہتی کے ساتھ کورونا کے خلاف جدوجہد کرنا ہوگی، ویکسین واحد بچاؤ ہے

بروقت علاج کیلئے ویکسی نیشن ضروری ، شہری کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنائیں

جنرل ہسپتال میں 24 گھنٹے مفت ویکسی نیشن جاری ، ڈاکٹرز و طبی عملہ دوران ڈیوٹی ماسک کا استعمال کریں: پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور 20 جنوری:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے پاکستان میں اومی کرون وائرس کے تیزی سے بڑھتے ہوئے پھیلاؤ کو خطرے کی گھنٹی قرار دیتے ہوئے لاہور جنرل ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ ڈاکٹرز ،نرسز ،پیرامیڈیکس کے علاوہ مریضوں کے لواحقین کو کورونا کی پانچویں لہر اومی کرون سے محفوظ رکھنے کے لئے ہسپتال کی حدود میں ایس او پیز پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تا کہ اس کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔انہوں نے اے ایم ایس و ڈی ایم ایس کو تاکید کی کہ وہ ہسپتال آنے والے ایسے مریض ولواحقین جن کی ابھی تک ویکسی نیشن نہیں ہوئی ان کو ویکسی نیشن لازمی لگوائیں تا کہ کسی شخص سے یہ وائرس ہسپتال سٹاف کو منتقل نہ ہو سکے۔مزید برآں تمام ڈاکٹرز و سٹاف دوران ڈیوٹی ماسک لازمی استعمال کریں اور سماجی فاصلے کا بھی خیال رکھیں تا کہ مرض کے پھیلاؤ کو محدود کیا جا سکے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ کورونا ویکسی نیشن کورس لازمی مکمل کروائیں تا کہ اگر کسی بیماری کی وجہ سے ہسپتال آنا پڑے تو اُن کے علاج معالجے میں کورونا ویکسی نیشن نہ ہونے کی وجہ سے رکاوٹ پیدا نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ کورونا ویکسی نیشن کروانا ہر شہری کی اپنی اور اہل خانہ کی صحت کے لئے ضروری ہے لہذا اس معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتیں اور حکومت کی طرف سے مفت ویکسی نیشن کی سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔انہوں نے کہا کہ تمام تر آگاہی مہم و شعور اجاگر کرنے کے باوجود بہت سے لوگ ابھی تک ویکسی نیشن کروانے کے بارے میں غیر سنجیدہ ہیں جو دیگر لوگوں کیلئے بھی خطرے کا باعث ہے۔پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ ہمیں قومی یکجہتی کے ساتھ کورونا وبا سے بچنے کیلئے جدوجہد کرنا ہوگی جس کا واحد بچاؤ ویکسی نیشن ہے۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ لاہور جنرل ہسپتال میں 24 گھنٹے ویکسی نیشن کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے جبکہ گائنی آؤٹ ڈور میں حاملہ خواتین کیلئے الگ کاؤنٹر قائم کیا گیا ہے تا کہ وہ بغیر کسی پریشانی کے ویکسی نیشن کروا سکیں اور اپنے ساتھ ساتھ پورے خاندان کو کورونا کے خطرے سے محفوظ کر سکیں۔

☆☆☆☆